BLUE VEINS

Awareness. Action. Advocacy

# ابتدائی اطلاعی رپورٹ

## (ایف آئی آر)

### بنیادی معلومات

# FIRST INFORMATION REPORT



## ابتدائی اطلاعی رپورٹ (ایف آئی آر) کیا ہے؟

ابتدائی اطلاعی رپورٹ (ایف آئی آر) ایک لکھی ہوئی دستاویز ہوتی ہے جو پولیس تیار کرتی ہے۔ایف آئی آر میں جرم کا ارتکاب کرنے والے کا نام، واقعہ کی تفصیلات اور دیگر ضروری معلومات شامل ہوتی ہیں۔ یہ معلومات کی وہ رپورٹ ہے جو پولیس جرم کے وقوع پذیر ہونے سے پہلے یا فوراًبعد درج کرتی ہے۔اسی وجہ سے اسے ابتدائی اطلاعی رپورٹ کہا جاتا ہے۔

یہ عام طور پر وہ شکایت ہوتی ہے جو کسی جرم کے شکار فرد یا ستائے گئے شخص کے ذریعے کی جاتی ہے یا پھر ایسے شخص کی جانب سے جو متاثرہ فرد کی جانب سے نمائندہ ہو۔قانونی طور پر جرم کے ارتکاب سے پہلے یا فوراً بعد رپورٹ درج ہونی چاہیے۔رپورٹ زبانی یا تحریری کسی بھی صورت میں درج کرائی جاسکتی ہے، یہاں تک کہ ٹیلی فون کے ذریعے بھی ایف آئی آر درج کرائی جاسکتی ہے۔

## قابلِ دست اندازی:

اس میں پولیس بغیر کسی وارنٹ کے ملزم کو گرفتار کرسکتی ہے۔ پولیس کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ جرم کی تحقیق از خود شروع کرے اور اس سلسلے میں اُنہیں عدالت کے حکم نامے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

## نا قابلِ دست اندازی:

اس میں کسی بھی پولیس افسر کو بغیر وارنٹ کے ملزم کی گرفتاری کا اختیار نہیں ہوتا۔ پولیس اس قسم کے جرم کی تحقیقات بغیر عدالت کے حکم نامے کے نہیں کرسکتی۔

## ایف آئی آر کیوں ضروری ہے:

ایف آئی آر ایک اہم قانونی دستاویز ہے جو کہ کسی بھی نا انصافی اور جرم کی صورت میں انصاف کے عمل کو شروع کرنے کے لئے پہلا قدم ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ صرف جرم کا شکار شخص ہی ایف آئی آر درج کروائے گا اُس کی جانب سے کوئی دوسرا نمائندہ فرد بلکہ تحقیقات کرنے والا پولیس افسر خود بھی ایف آئی آر درج کرسکتا ہے۔

## آپ ابتدائی رپورٹ درج کرسکتے ہیں اگر!

- آپ وہ شخص ہوں جس کے خلاف جرم کا ارتکاب کیا گیا ہو۔
- یا آپ متاثرہ شخص کی جانب سے نمائندہ ہوں۔
- اگر آپ اس جرم کے بارے میں جانتے ہوں جس کا ارتکاب ہو چکا ہو یا آپ کے علم کے مطابق ہونے والا ہو۔
- اگر آپ نے جرم ہوتے دیکھا ہو۔

مندرجہ ذیل صورتوں میں پولیس ایف آئی آر درج کرنے کے باوجود تحقیقات نہیں کرسکتی اگر وہ محسوس کریں۔

۱) کیس قدرتی طور پر سنجیدہ نہیں ہے۔

۲) تحقیقات کے لئے کوئی خاص بنیاد نہیں ہے۔

۳) کیس تکنیکی طور پر درست نہیں ہے۔

- تاہم اگر پولیس تحقیقات نہ کرے تو اُس کی وجہ بتائے گی اور آپ کو تحریری طور پر آگاہ کیا جائے گا۔
- سیکشن 257، کریمینل پروسیجر کوڈ 1973

## ایف آئی آر درج کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

- ایف آئی آر درج کرنے کا طریقہ سیکشن 154 کریمینل پروسیجر کوڈ 1973 میں دیا گیا ہے۔
- جب آپ کسی جرم کے بارے میں معلومات فراہم کریں تو پولیس اُسے لکھے گی۔
- آپ کا قانونی حق ہے کہ آپ اُن معلومات کو پڑھیں جو پولیس نے شکایت کی صورت میں درج کی ہیں۔
- ایف آئی آر پر متعلقہ پولیس افسر کے ساتھ شکایت کنندہ یا اُس کے نمائندہ کا دستخط ہونا ضروری ہے۔
- ایف آئی آر پر صرف اُس صورت میں دستخط کریں جب آپ کو یقین ہو کہ پولیس نے معلومات اُسی طرح درج کی ہیں جس طرح اُنہیں دی گئیں تھیں۔
- اس تصدیق کے بعد کہ آپ کی فراہم کردہ معلومات درست ہیں آپ دستخط کرسکتے ہیں / سکتی ہیں۔ اور اگر پڑھے لکھے نہیں تو بائیں ہاتھ کا انگوٹھا لگا سکتے / سکتی ہیں۔
- ایف آئی آر کی نقل کا حصول آپ کا قانونی حق ہے اور یہ پولیس کی ذمہ داری ہے کہ وہ آپ کو نقل بغیر کسی قیمت کے فراہم کرے۔

## آپ کو ایف آئی آر میں کیا ظاہر کرنا ہوگا:

- آپ کا نام اور پتہ
- جرم کی صورت میں اُس کی تاریخ، وقت اور وقوعہ کی تفصیلات
- واقعہ کے بارے میں مستند حقائق
- واقعہ میں ملوث افراد کے نام اور وضاحت
- گواہ اگر کوئی ہو۔

## تھانے میں ایف آئی آر درج کرانے کیلئے رسائی کا طریقہ کار:

جرم کے خدشے یا وقوع پذیر ہونے کی صورت میں متاثرہ شخص یا اُسکا نمائندہ فرد متعلقہ تھانے جا کر ڈیوٹی پر موجود افسر کے پاس شکایت روزنامچے میں اپنی عرض درج کرواتا ہے۔ اگر متاثرہ شخص یا اُسکا نمائندہ کسی پر شک ظاہر کرے تو پولیس ملزم تک پہنچنے کی کوشش کرتی ہے تاکہ اُسے اُس پر عائد کئے گئے الزام کے بارے میں بتایا جائے اور ابتدائی تحقیق کے لئے اُسے تھانے بلایا جائے۔ اگر درخواست گزار کسی پر شک ظاہر نہ کرے تو کیس تحقیقات کے لئے درج کر لیا جاتا ہے۔ اگر ملزم گرفتار ہوجاتا ہے تو اُسے تھانے میں رکھا جاتا ہے اور اس سے عائد کردہ الزام کے متعلق تحقیقات کی جاتی ہیں تاکہ حقائق معلوم ہوسکیں۔ پولیس ملزم کو ایک دن کے لئے حوالات میں رکھتی ہے اور اگلے دن اسے مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔

## ریمانڈ کے لئے درخواست:

تحقیقات کو مکمل کرنے کے لئے پولیس ریمانڈ کی درخواست کرتی ہے۔ جرم کی نوعیت کو مدِنظر رکھتے ہوئے ریمانڈ ایک دن سے لے کر پندرہ دن تک ہوسکتا ہے۔ اس دوران پولیس ملزم سے معلومات حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ اور فائل کو مکمل کرتی ہے جسے ایف آئی آر کے ساتھ عدالت میں پیش کیا جاتا ہے۔

## وہ چیزیں جو آپ کو نہیں کرنی چاہیے:

کبھی جھوٹی یا بدنیتی پر مبنی ایف آئی آر درج نہ کرائیں اور نہ ہی غلط معلومات پولیس کو دیں۔ پولیس کو گمراہ کرنے یا غلط معلومات دینے پر آپ کو مقدمے میں شامل کیا جاسکتا ہے۔

## اگر آپ کی ایف آئی آر درج نہ ہوئی تو آپ کیا کر سکتے ہیں:

- آپ پولیس سپرنٹنڈنٹ سے مل سکتے ہیں یا دوسرے اعلیٰ افسران جیسے کہ ڈپٹی انسپکٹر جنرل یا انسپکٹر جنرل کو خط لکھ سکتے ہیں۔ آپ اپنی شکایت بذریعہ ڈاک متعلقہ سپرنٹنڈنٹ پولیس کو بھیج سکتے ہیں اگر سپرنٹنڈنٹ مطمئن ہوجائے تو وہ خود تحقیقات کرے گا یا تحقیقات کا حکم دے گا۔
- آپ سماعت کے لئے عدالت میں ذاتی شکایت بھی درج کر سکتے / سکتی ہیں۔
- آپ آن لائن (انٹرنیٹ کے ذریعے) بھی شکایت درج کر سکتے / سکتی ہیں۔
- آپ انسانی حقوق کی تنظیم کو بھی شکایت کر سکتے / سکتی ہیں اور اُن کی مدد لے سکتے / سکتی ہیں۔

## آن لائن (انٹرنیٹ کے ذریعے ایف آئی آر کا اندراج):

اگر آپ کے لئے پولیس سٹیشن جانا مشکل ہے تو آپ گھر بیٹھے آن لائن (انٹرنیٹ کے ذریعے) ایف آئی آر درج کرا سکتے/سکتی ہیں۔اس کے لئے آپ کو خیبر پختونخواہ پولیس کی ویب سائٹ www.kppolice.gov.pk پر جانا ہوگا اور ایک آن لائن فارم پُر کر کے ایف آئی آر درج کرانی ہوگی۔

آپ کی ایف آئی آر درج ہونے کے بعد آپ کو ایف آئی آر نمبر دے دیا جائے گا اور آپ کی ایف آئی آر متعلقہ پولیس افسران کو ای میل کے ذریعے بھجوادی جائے گی اور متعلقہ پولیس سٹیشن آپ سے آپ کی شکایت سے متعلق رابطہ کرے گا۔تمام شکایت کنندگان کی تصدیق نادرا آفس سے کرائی جائے گی تاکہ جعلی ایف آئی آر سے بچا جا سکے۔آن لائن فارم میں دیئے گئے تمام ضروری حصّوں کو صحیح طریقے سے پُر کریں۔نامکمل معلومات والی ایف آئی آر قابلِ قبول نہیں ہوگی۔اپنے ایف آئی آر نمبر کو یاد رکھیں تاکہ متعلقہ تھانے سے شکایت سے متعلق معلومات حاصل کی جا سکے۔

اگر آپ کو کسی بھی قسم کی دشواری کا سامنا ہو تو آپ اس فون نمبر 091-9213164، موبائل نمبر 0300-5833306 یا فیکس نمبر 091-9213165 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

پولیس ڈیپارٹمنٹ نے آن لائن ایف آئی آر کے حوالے سے ایک بورڈ قائم کیا ہے جو آن لائن ایف آئی آر سے متعلق معاملات و شکایات کی دیکھ بھال کرے گا اور یقینی بنائے گا کہ آن لائن ایف آئی آر فوری طور پر متعلقہ تھانے کو پہنچائی جائے اور اُس پر کارروائی ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| آن لائن ایف آئی آر کی اندراج کے لئے ویب سائٹ | : | www.kppolice.gov.pk |
| شکایت کی صورت میں فون نمبر | : | 091-9213164 |
| شکایت کی صورت میں موبائل نمبر | : | 0300-5833306 |
| شکایت کی صورت میں فیکس نمبر | : | 091-9213165 |



## دست برداری

اس پمفلٹ میں دی گئی معلومات نیک نیتی پر مبنی ہیں اور عوامی آگاہ کے لیے شائع کی گئیں ہیں یہ نہ تو قانونی مشورہ ہے نہ قانونی مشورے کا نعم البدل۔ پیش کی گئی معلومات بلیوویز یا میپل فنڈ کی رائے کو ظاہر نہیں کرتے۔


## اشاعت کے لئے تعاون

the maypole fund

money from women for women